7619 ـ ذبح كرنے كے بعد جانور ميں خون رہنے دينا

سوال

يورپى ممالك ميں بعض فيكٹرياں جان بوجھ كر ذبح كيے گئے جانور سے مكمل خون صاف نہيں كرتيں تا كہ اس كے وزن ميں كمى نہ ہو اور ان كے نفع كا حجم زيادہ ہو، ايسے گوشت كو كھانے كا حكم كيا ہے ؟

پسنديده جواب

الحمد لله.

ہم نے يہ سوال فضيلۃ الشيخ عبد اللہ بن جبرين حفظہ اللہ تعالى كے سامنے ركھا تو ان كا جواب تھا:

ذبح كردہ جانور ميں خون چھوڑنا اور اسے مكمل نہ نكالنا حرام ہے جائز نہيں.

اللہ سبحانہ وتعالى كا فرمان ہے:

تم پر مردار اور خون حرام كر ديا گيا ہے .